SCAN TO VERIFY
LAW DEPARTMENT
GOVERNMENT OF SINDH
www.sindhlaws.gov.pk

سندھ آرڈیننس نمبر XV مجریہ ۱۹۷۹

SINDH ORDINANCE NO.XV OF 1979

سندھ لوکل گورنمنٹ (ترمیم) آرڈیننس، ۱۹۷۹

THE SINDH LOCAL GOVERNMENT (AMENDMENT) ORDINANCE, 1979

فہرست (CONTENTS)

تمہید (Preamble)

۱۔ مختصر عنوان اور شروعات

Short Title and Commencement

۲۔ ۱۹۷۹ کے سندھ آرڈیننس XII کی دفعہ ۳۷ کی ترمیم

Amendment of section 37 of Sindh Ordinance XII of 1979

۳۔ ۱۹۷۹ کے سندھ آرڈیننس XII کے دفعہ 37-A کا اضافہ

Insertion of section 37_A of Sindh Ordinance XII of 1979

سندھ آرڈیننس نمبر XV مجریہ ۱۹۷۹

SINDH ORDINANCE NO.XV OF 1979

سندھ لوکل گورنمنٹ (ترمیم) آرڈیننس، ۱۹۷۹

THE SINDH LOCAL GOVERNMENT (AMENDMENT) ORDINANCE, 1979

[۷ ستمبر ۱۹۷۹]

ایک آرڈیننس جس کی توسط سے سندھ لوکل گورنمنٹ آرڈیننس، ۱۹۷۹ میں ترمیم کی جائے گی۔

تمہید (Preamble)

جیسا کہ سندھ لوکل گورنمنٹ آرڈیننس، ۱۹۷۹ میں ترمیم کرنا مقصود ہے، جو اس طرح ہو گی۔

اب اس لیئے، ۵ جولائی ۱۹۷۷ کے اعلان جس کو قوانین (نافذ ہونے والا تسلسل) والے حکم، ۱۹۷۷ کے ساتھ پڑھا جائے، اس کی روشنی میں گورنر سندھ نے مندرجہ ذیل آرڈیننس بنا کر نافذ کرنا فرمایا ہے:

مختصر عنوان اور شروعات

Short Title and Commencement

۱۔ (۱) اس آرڈیننس کو سندھ لوکل گورنمنٹ (ترمیم) آرڈیننس، ۱۹۷۹ کہا جائے گا۔

(۲) یہ فی الفور نافذ ہو گا۔

۱۹۷۹ کے سندھ آرڈیننس XII کی دفعہ ۳۷ کی ترمیم

Amendment of section 37 of Sindh Ordinance XII of 1979

۲۔ سندھ لوکل گورنمنٹ آرڈیننس، ۱۹۷۹ میں، جس کو اس کے بعد بھی مذکورہ آرڈیننس کہا جائے گا، اس کی دفعہ ۳۷ کی ذیلی دفعہ (۲) کی شق (d) میں، الفاظ "ایک تنخواہ دار شخص" کو الفاظ "وہ ہے" اور الفاظ "پاکستان کی سروس میں" کے درمیاں ڈالا جائے گا۔"۔

۳۔ مذکورہ آرڈیننس میں، دفعہ ۳۷ کے بعد، مندرجہ ذیل نئی دفعہ شامل کی جائے گی:

۱۹۷۹ کے سندھ آرڈیننس XII کے دفعہ 37-A کی ترمیم

Amendment of section 37_A of Sindh Ordinance XII of 1979

(پارٹی بنیاد پر انتخابات پر پابندی)

"37.A۔(۱) جب تک کچھ اس آرڈیننس کی گنجائش کے متضاد نہ ہو، کوئی بھی شخص جو اس آرڈیننس کے تحت انتخابات میں حصہ لے رہا ہو گا، ایسے انتخاب کے مقصد کے لیئے، واسطہ یا بالواسطہ نہیں کر سکتا کہ:

(a) خود کو ایک سیاسی پارٹی کا نمائندہ یا امیدوار بتائے گا، یا ظاہر کرے گا یا اٹھائے گا ایسا کوئی نشان، جھنڈہ یا ایسی کوئی دوسری چیز جو ایسی پارٹی سے اس کے جڑے ہونے یا تعلق کو ظاہر کرے گی۔

(b) ووٹ یا جماعت پارٹی بنیادوں پر یا کسی سیاسی پارٹی کے منشور کے شرائط یا پارٹی سے تعلق کو اپنے امیدوار کے لیئے ثالث بنا کر حاصل کرتا ہے۔

(c) کسی سیاسی پارٹی سے مالی یا کوئی دوسری مدد حاصل کرتا ہے یا دعویٰ کرتا ہے۔

(۲) ایسی جانچ پڑتال کے بعد اگر انخابات اختیاری جیسے مناسب سمجھے کہ کوئی شخص ایسے کر رہا ہے اور ذیلی دفعہ (۱) کی گنجائش سے ٹکراؤ میں چناؤ جیت کر آیا ہے تو ایسے شخص کو ایسے انتخاب کے لیئے نمائندگی دینے سے منع کرنے کا حکم دے سکتی ہے، یا میمبر ہونے کے لیئے معاملہ جیسے بھی ہو اور وہ ۴ سال کے عرصے کے لیئے میمبر بننے کے لیئے اہل نہیں رہے گا۔

بشرطیک ایسا کوئی بھی حکم جاری نہ کیا جائے گا، جب تیک ایسے متعلقہ شخص کو سننے کا موقعہ فراہم نہیں کیا جاتا۔

نوٹ: آرڈیننس کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لیئے ہے، جسے کورٹ میں استعمال نہیں کیا جا سکتا۔